SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release
June 17, 2021

# ایس ای سی پی نے میوچل فنڈز کی تشہیر کے اشتہارات کا معیار مقرر کردیا

اسلام آباد(جون 17): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے میوچل فنڈز کے سرمایہ کاروں کو درست معلومات اور سرمایہ کاروں کو بہتر فیصلے کرنے میں معاونت فراہم کرنے کے پیش نظر، ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کی جانب سے ایکویٹی فنڈز کی کارکردگی کی تشہیر کے لئے شائع کئے جانے والے اشتہارات اور دی جانے والی معلومات کے معیارات وضع کر دئے ہیں۔
میوچل فنڈز کے اشتہارات پر دی جانے والی معلومات کا معیار مقرر کرنے کا مقصد اشتہارات میں خاص طور پر ایکویٹی فنڈز کی کارکردگی اور متوقع منافعکے بارے میں معلومات کی بڑھا چڑھا کر تشہیر کرنے کی روک تھام کرنا ہے۔ عموماً دیکھا گیا ہے کہ فنڈز سرمایہ کاری پر ہونے والے منافع کر بڑھا چڑھا کر بیان کرتے ہیں لیکن اس سرمایہ کاری سے منسلک رسک پروفائل کو حقیقی طور پر پیش نہیں کرتے۔اس قسم کی غیر مکمل معلومات سے سرمایہ کار فیصلہ کرنے میں غلطی کر سکتے ہیں۔

ایس ای سی پی کے 2021 کے سرکلر نمبر 16 میں ایکیوٹی فنڈز کی تشہیر کے لیے شرائط وضع کی گئی ہیں۔ان شرائط کے مطابق فنڈز کے لئے لازمی ہے کہ فنڈ کی مالی کارکردگی بارے تجزیہ کی گزشتہ باری مہینوں کی کا کردگی کی بنیاد پر ترتیب دیا جائے۔اس کے علاوہ سرمایہ کاری سے منسلک رسک کو بہتر انداز میں پیش کرنے کے لیے بھی ہدایات دی گئی ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005